# سندھ آرڈیننس نمبر XXXIX مجریہ 2001
# SINDH ORDINANCE NO.XXXIX OF 2001

# سندھ پبلک سروس کمیشن (ترمیم) آرڈیننس، 2001
# THE SINDH PUBLIC SERVICE COMMISSION (AMENDMENT) ORDINANCE, 2001

## (CONTENTS) فہرست


تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1. مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

2. 1989 کے سندھ ایکٹ XI کی دفعہ 2 کی ترمیم
Amendment in section 2 of Sindh Act XI of 1989

3. 1989 کے سندھ ایکٹ XI کی دفعہ 3 کی ترمیم
Amendment in section 3 of Sindh Act XI of 1989

4. 1989 کے سندھ ایکٹ XI کی دفعہ 4 کی ترمیم
Amendment in section 4 of Sindh Act XI of 1989

5. 1989 کے سندھ ایکٹ XI کی دفعہ 5 کی ترمیم
Amendment in section 5 of Sindh Act XI of 1989

6. 1989 کے سندھ ایکٹ XI کی دفعہ 5-A کو خارج کرنا
Omission of section 5-A of Sindh Act XI of 1989

7. 1989 کے سندھ ایکٹ XI کی دفعہ 7 کی ترمیم
Amendment in section 7 of Sindh Act XI of 1989

8. 1989 کے سندھ ایکٹ XI کی دفعہ 8 کی ترمیم
Amendment in section 8 of Sindh Act XI of 1989

9. 1989 کے سندھ ایکٹ XI کی دفعہ 9 اور 10 کی ترمیم
Amendment in section 9 and 10 of Sindh Act XI of 1989

# سندھ آرڈیننس نمبر XXXIX مجریہ 2001

# SINDH ORDINANCE NO.XXXIX OF 2001

# سندھ پبلک سروس کمیشن (ترمیم) آرڈیننس، 2001

# THE SINDH PUBLIC SERVICE COMMISSION (AMENDMENT) ORDINANCE, 2001

[8 دسمبر 2001]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ پبلک سروس کمیشن ایکٹ، 1989 میں مزید ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ پبلک سروس کمیشن ایکٹ، 1989 میں مزید ترمیم کرنا ضروری ہوگیا ہے؛

جس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا؛

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی 14 اکتوبر 1999 والے اعلان کے تحت اور پرووزنل کانسٹیٹیوشن آرڈر نمبر 1 کے مطابق معطل ہے؛

اور جیسا کہ گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ صورتحال میں فوری قدم اٹھانا ضروری ہے۔

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

لہذا اب اس لئے مندرجہ بالا اعلان اور پرووزنل کانسٹیٹیوشن آرڈر کے ساتھ پڑھیں 1999 کے پرووزنل کانسٹیٹیوشن (ترمیم) آرڈر نمبر 9 اور اس سلسلے میں ملے ہوئے تمام اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے سندھ کا گورنر بخوشی مندرجہ ذیل

1989 کے سندھ ایکٹ XI کی دفعہ 2 کی ترمیم
Amendment in section 2 of Sindh Act XI of 1989

آرڈیننس بنا کر نافذ فرماتا ہے:
1. (1) اس کے آرڈیننس کو سندھ پبلک سروس کمیشن (ترمیم) آرڈیننس، 2001 کہا جائے گا۔
(2) یہ فی الفور لاگو ہوگا۔

1989 کے سندھ ایکٹ XI کی دفعہ 3 کی ترمیم
Amendment in section 3 of Sindh Act XI of 1989

2. سندھ پبلک سروس کمیشن ایکٹ، 1989 میں، جس کو اس کے بعد ایکٹ کہا جائے گا اس کی دفعہ 2 میں شق (b) کے بعد مندرجہ ذیل نئی شق شامل کی جائے گی:
”(bb) “گورنر” سے مراد سندھ کا گورنر؛“۔

1989 کے سندھ ایکٹ XI کی دفعہ 4 کی ترمیم
Amendment in section 4 of Sindh Act XI of 1989

3. بیان کئے گئے ایکٹ کی دفعہ 3 میں، ذیلی دفعات (2) اور (3) کے لئے مندرجہ ذیل کو متبادل بنایا جائے گا:
” (2) کمیشن چیئرمین اور ایسے ممبرز پر مشتمل ہوگی جن کی تعداد دس سے زیادہ نہ ہوگی جیسا کہ گورنر طے کرے۔
(3) میمبرز میں آدھے ایسے افراد ہونگے جنہوں نے سرکاری ملازمت بیس سالوں سے کم نہ کی ہو اور جس میں بی پی ایس 20 یا اس سے زیادہ اور کم از کم پانچ سالوں کا تجربہ اور بہترین کیریئر اور اپنے شعبے میں مشہور ہوں۔
(4) باقی میمبرز کو خانگی شعبہ جات میں سے نامور افراد میں سے منتخب کیا جائے گا جن کی عمر کم از کم پنتالیس تک ہوگی۔ اور زیادہ سے زیادہ پینسٹھ سال جو لبرل آرٹس اور سائنس کی نمائندگی کرتے ہوں اور ماہر جن کو متعلقہ میدان میں عملی تجربے کے ساتھ بیچلرز کی ڈگری ہو۔

1989 کے سندھ ایکٹ XI کی دفعہ 5 کی ترمیم
Amendment in section 5 of Sindh Act XI of 1989

(5) کوئی بھی شخص سرکاری ملازمت یا حکومت کی طرف سے قائم کئے گئے خودمختیار کارپوریشن یا باڈی میں ملازمت کرنے والے قانونی طور پر دوسری

صورت میں  میمبر طور مقرر نہیں کیا جائے گا۔

1989 کے سندھ ایکٹ XI کی دفعہ 5-A کو خارج کرنا
Omission of section 5-A of Sindh Act XI of 1989

4. بیان کئے  گئے ایکٹ میں،  دفعہ 4 میں، ذیلی دفعہ (2) کے لئے شرطیہ بیان سمیت مندرجہ ذیل کو متبادل بنایا جائے گا۔ :

1989 کے سندھ ایکٹ XI کی دفعہ 7 کی ترمیم
Amendment in section 7 of Sindh Act XI of 1989

"(2) چیئرمین یا میمبر دوبارہ نہ بڑھانے والی پانچ سالوں کی مدت کے لئے عہدہ رکھیں گے۔ اس تاریخ سے جب سے وہ عہدہ سنبھالیں۔ بشرطیکہ اپنی صوابدید پر چیئرمین یا میمبر کے عہدے کی مدت سندھ پبلک سروس کمیشن (ترمیم) آرڈیننس، 2001 کی شروعات سے زیادہ سے زیادہ پانچ سالوں کے عرصے تک بڑھایا جا سکتا ہے جس میں اس کی طرف سے عہدے  پیشتر والی ملازمت کی مدت یا عرصے کو بھی شامل کیا جائے گا۔

1989 کے سندھ ایکٹ XI کی دفعہ 8 کی ترمیم
Amendment in section 8 of Sindh Act XI of 1989

5. بیان کئے گئے ایکٹ میں، دفعہ 5 میں ذیلی دفعہ (1) کے لئے شرطیہ بیان کے علاوہ مندرجہ ذیل کو متبادل بنایا جائے گا۔

"(1) ملازمت کے شرائط اور ضوابط بشمول چیئرمین اور میمبرز کی تنخواہ، الائونسز اور پہلے سے طے شدہ شرائط اس طرح سے ہونگے جیسا  کہ بیان کیا گیا ہو۔"

1989 کے سندھ ایکٹ XI کی دفعہ 9 اور 10 کی ترمیم
Amendment in section 9 and 10 of Sindh Act XI of 1989

6. بیان کئے گئے ایکٹ میں دفعہ  5-A کو ختم کیا جائے گا۔

7. بیان کئے گئے ایکٹ میں دفعہ 7 کی شق(ii) میں:

(i) لفظ"حکومت" کے لئے لفظ "گورنر"کو متبادل بنایا جائے گا؛

(ii) ذیلی شق (a) میں لفظ "آخر" کو ختم کیا جائے گا۔

(iii) شق (a)  کے بعد مندرجہ ذیل نئی شق کو شامل کیا جائے گا:

"(aa) صوبائی ملازمت یا کیڈر میں مختلف ملازمتوں

اور کیڈرز کے عملداروں کے ضم کرنے سے متعلق معاملہ؛ اور ‘‘۔

8. بیان کئے گئے ایکٹ میں دفعہ 8 کے لئے مندرجہ ذیل کو متبادل بنایا جائے گا:

’’جہاں گورنر کمیشن کے مشورےکو نہیں مانتا، وہ کمیشن کو اس سلسلے میں آگاہ کرے گا۔‘‘

9. بیان کئے گئے ایکٹ میں دفعہ 9 کی ذیلی دفعہ (8) میں اور دفعہ 10 میں لفظ ’’حکومت‘‘ کے لفظ ’’گورنر‘‘ سے متبادل بنایا جائے گا۔

**نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**